Press Release
پریس ریلیز
मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
پارلیمنٹ ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی یونیورسٹی
گچی باؤلی حیدرآباد 500 032۔تلنگانہ
فون:۔040-23006606، 23006612-15 (104)، فیکس:23006606، ای میل:۔manuupro1@yahoo.com، ویب سائٹ:www.manuu.ac.in

18/جولائی2018

اردو یونیورسٹی، نظامت فاصلاتی تعلیم ۔دوبارہ رجسٹریشن کی تاریخ میں توسیع

حیدرآباد،18/جولائی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی، نظامت فاصلاتی تعلیم کے ایسے طلبہ جنہوں نے مقررہ وقت میں اپنا کورس مکمل نہیں کیا انہیں صرف ایک مرتبہ دوبارہ رجسٹریشن کی تاریخ میں 200 روپئے دیرانہ فیس کے ساتھ 31/جولائی تک توسیع کی گئی ہے۔ واضح رہے کہ امیدوار کو 500 روپئے جرمانہ کے ساتھ کورس فیس بھی ادا کرنی ہوگی۔

پروفیسر شانِ کاظم نقوی، ڈائرکٹر انچارج نظامت فاصلاتی تعلیم کے بموجب دوبارہ رجسٹریشن کا فارم اور دیگر تفصیلات یونیورسٹی ویب سائٹ www.manuu.ac.in پر دستیاب ہیں۔ فارم ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے اور متعلقہ ریجنل/ سب ریجنل سنٹر پر یا ہیڈ کوارٹرس میں داخل کیا جاسکتا ہے۔

ایک علیحدہ اطلاع کے مطابق فاصلاتی تعلیم کے تحت امتحان میں شرکت کے لیے دیرانہ فیس 200 روپئے کے ساتھ 31/جولائی تک فارم داخل کیا جاسکتا ہے۔ فیس صرف آن لائن ہی داخل کی جاسکتی ہے۔ اس کے لیے لنک http://manuucoe.in/OnlinePayment/index.php/main3 پر لاگ ان کیا جاسکتا ہے۔

عابد عبدالواسع
پبلک ریلیشنز آفیسر